## الطاف حسین پاکستان آمد کے بعد سب سے پہلے گجرانوالہ میں قیام کریں گے

لندن۔۔۔29،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین پاکستان آمد کے بعد سب سے پہلے گجرانوالہ میں قیام کریں گے۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایم کیوایم گجرانوالہ زون کے ذمہ داران اورکارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران گجرانوالہ کے کارکنان نے جناب الطاف حسین کو دعوت دی کہ آپ جب کبھی پاکستان تشریف لائیں تو سب سے پہلے گجرانوالہ میں قیام کریں۔جناب الطاف حسین نے کارکنان کی دعوت قبول کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ وہ جب بھی پاکستان آئیں گے تو سب سے پہلے گجرانوالہ میں قیام کریں گے۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد کے کارکن سید کاشان رضا شہید ہوگئے

## سید کاشان رضا کی شہادت پر ایم کیوایم قائد جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

## شہید کاشان رضا کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں وادی حسین قبرستان سپر ہائی وے میں سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن، حق پرست نمائندوں کی شرکت، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29/اپریل 2010ء

مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے پاپوش نگر میں ایم کیوایم کے کارکن شہید ہوگئے تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن سید کاشان رضا ولد سید شہاب رضا اپنی دوکان پر موجود تھے کہ دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے باعث وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے جبکہ مسلح دہشت گرد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔شہید کے سوگواران میں والدہ، دو بھائی اور چھ بہنیں شامل ہیں۔سید کاشان رضا شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان وادی حسین سپر ہائی وے کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ و تدفین میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، نارتھ ناظم آباد سیکٹر و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن سید کاشان رضا کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید کاشان رضا شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد کے کارکن سید کاشان رضا کی شہادت پر سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کا امن سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ میں ملوث دہشتگرد عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کنونشن کی کامیابی کے بعد سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کی کارروائیوں میں سرگرم عمل ہوگئے ہیں اور ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند کرے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت، آصف علی زرداری، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سید کاشان رضا کی شہادت کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم انٹرنیشنل افیئر ز ڈویژن کے سینئر رکن محمد یونس کے بہنوئی اقبال میمن کراچی میں حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کر گئے

## محمد یونس کے بہنوئی اقبال میمن کے انتقال پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## محمد یونس سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا بھی اظہار تعزیت

لندن۔۔۔29 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے انٹرنیشنل افیئر ز ڈویژن کے سینئر رکن اور ایم کیو ایم امریکہ وکینیڈا کے سابق چیف آرگنائزر محمد یونس کے بہنوئی اقبال میمن کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اقبال میمن کا جمعرات کی شب کراچی میں حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال ہوگیا۔جناب الطاف حسین نے محمد یونس ،ان کی ہمشیرہ حمیدہ میمن اور تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اقبال میمن مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم کے انٹرنیشنل افیئر ز ڈویژن کے سینئر رکن محمد یونس کے بہنوئی اقبال میمن کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## سابق نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل کے دیور اور سابق صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی محمد علی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔29 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کی رکن اور کراچی کی سابق نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل کے دیور اور ایم کیو ایم کے سینئر رکن اور سابق صوبائی وزیر ایم اے جلیل کے چھوٹے بھائی محمد علی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محمد علی کو شفائے کاملہ عطا کرے۔انہوں نے کارکنوں اور حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محمد علی کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔محمد علی کافی عرصہ سے علیل ہیں۔

## الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پنجاب کے پسے ہوئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## ایم کیو ایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے دن گنے جاچکے ہیں

کراچی۔۔۔29 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں منعقدہ ایم کیو ایم پنجاب کنونشن میں شرکت پر صوبہ پنجاب کے حق پرست عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں منعقدہ پنجاب کنونشن میں صوبہ پنجاب کے حق پرست بزرگوں ، ماؤں ، بہنوں ، نوجوانوں ،طلباء وطالبات اور بچوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کرکے نہ صرف پنجاب کنونشن کو کامیاب بنایا بلکہ ثابت کردیا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پنجاب کے پسے ہوئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مسلسل جدوجہد کے باعث زندگی کے بنیادی مسائل،محرومیوں اور ناانصافیوں کا شکار غریب ومتوسط طبقہ میں شعوری بیداری کا عمل شروع ہوچکا ہے اور ایم کیو ایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے دن گنے جاچکے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے پنجاب کنونشن کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کرنے پر پنجاب بھر کی ماؤں ، بہنوں، بزرگوں ،نوجوانوں ،طلباوطالبات ،معصوم بچوں ،دانشوروں ،صحافیوں ،وکلاء،صنعتکاروں ،تاجروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

الطاف حسین نے ہمیشہ ملک کو مضبوط اور پائیدار جمہوریت کے استحکام سمیت پاکستان کے عوام کی محرومی دور کرنے کیلئے حقائق پر مبنی بات کی ہے،

## پنجاب میں حالیہ تاریخی کنونشن کے انعقاد نے جاگیرداروں، وڈیروں اور کرپٹ سرمایہ داروں کی نیندیں اڑادی ہیں، عنصر علی بُٹر
### زونل دفتر میں تاریخی کنونشن کی کامیابی پر مبارک باد دینے کے لیئے آئے ہوئے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو

لاہور۔۔۔29، اپریل 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ ملک کو مضبوط اور پائیدار جمہوریت کے استحکام سمیت پاکستان کے عوام کی محرومی دور کرنے کیلئے حقائق پر مبنی بات کی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم سنٹرل زون کے سیکرٹری اطلاعات عنصر علی بُٹر نے زونل دفتر میں ایم کیوایم کے تاریخی کنونشن کی کامیابی پر مبارک باد دینے کے لیئے آئے ہوئے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سچ ہمیشہ کڑوا ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی باتوں کو ماضی میں سنجیدگی سے نہیں لیا گیا اور الٹا ان کے خلاف ملک دشمنی اور غداری کے سرٹیفیکٹ جاری کئے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین ایک دور اندیش سیاستدان ہیں اور پاکستان کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے حقیقت پسندانہ مؤقف کا اظہار کر رہے ہیں۔عنصر علی بُٹر نے کہا کہ ماضی میں ایم کیوایم کے خلاف کیا جانے والا بے بنیاد منفی پروپگنڈہ دم توڑ چکا ہے اور پنجاب میں حالیہ تاریخی کنونشن کے انعقاد نے جاگیرداروں، وڈیروں اور کرپٹ سرمایہ داروں کی نیندیں اڑادی ہیں اور وہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں مگر وہ دن دور نہیں جب ملک بھر میں غریبوں کی حکمرانی ہوگی۔

## الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پنجاب کے پسے ہوئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے، زاہد ملک

اسلام آباد۔۔۔29اپریل 2010ء

ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پنجاب کے پسے ہوئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور ایم کیوایم پنجاب کنونشن کی تاریخی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے دن گنے جا چکے ہیں۔ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد ملک نے ان خیالات کا اظہار مختلف اضلاع کے کارکنوں، ذمہ داران سے ملاقات کے دوران کیا۔ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد ملک نے اراکین زونل کمیٹی متین خان، احمد نواز خان اور اقرار شاہ کے ہمراہ راولپنڈی میں کامیاب کنونشن کے انعقاد کے بعد مختلف اضلاع کے دورے شروع کر دیئے ہیں اور اب تک اٹک، ٹیکسلا، فتح جنگ، منڈی بہاؤالدین اور جہلم کے دورے کئے اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے متعلقہ اضلاع کے ذمہ داران کو مبارکباد اور شاباش کا پیغام پہنچایا۔اپر پنجاب زون کے انچارج زاہد ملک نے بتایا کہ عوام کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام پر پنجاب کے عوام کی طرف سے بہت زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا جارہا ہے اور عوام کے ردعمل کی وجہ سے ہمیں ایک نیا اعتماد ملا ہے جس کی بدولت انشاءاللہ آنے والے وقت میں بہت مثبت تبدیلی دیکھ رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆